# INSAN DOST WELFARE ASSOCIATION (Regd)

## مختصر تعارف:

انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن کا قیام 1990ء میں عمل میں آیا۔ 1992ء میں سندھ گورنمنٹ سے باقاعدہ رجسٹریشن حاصل کی۔ کراچی کے دیہی اور پسماندہ علاقے منگھوپیر (گلزار آباد) میں کام کا آغاز کیا اور غریبوں اور مستحقین کے لیے مفت علاج معالجے کی سہولت فراہم کی۔ اس کے ساتھ ہی معذوروں بالخصوص گونگے اور بہرے مریضوں کے لیے خصوصی سینٹرز قائم کیے اور باقاعدہ تربیت یافتہ ڈاکٹروں نے طبی خدمات فراہم کرنا شروع کیں۔ منشیات کے عادی مریضوں کا خصوصی علاج کیا جاتا ہے۔

## تنظیم کے مقاصد:

دکھی انسانیت کی بے لوث خدمات، مستحقین و معذور افراد خصوصاً ذہنی معذوروں اور غریبوں تک مفت علاج معالجے کی سہولیات بہم پہنچانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ blind school اور خواتین کیلئے انڈسٹریل ہوم کے قیام کیلئے کوششیں جاری ہیں۔


## تنظیمی ڈھانچہ:

| | |
|---|---|
| صدر: | ڈاکٹر لیاقت علی |
| چیئر پرسن: | سیدہ رفعت رضی |
| جنرل سیکریٹری: | ڈاکٹر ملک ناز |
| جوائنٹ سیکریٹری: | حضرت حسین |
| فنانس سیکریٹری: | ڈاکٹر۔ ایم سلطان ملک |
| ممبران: | 100 |



## سرگرمیاں:

عرصہ 20 سال سے کراچی کے مختلف پسماندہ علاقوں میں صبح وشام ہماری ویلفیئر ڈسپنسریاں طبی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ ہر ڈسپنسری سالانہ تقریباً 36 ہزار تا 40 ہزار تک مریضوں کو مفت علاج ومعالجہ کی سہولت فراہم کررہی ہے۔ ہمارے ہونہار، ملنسار، اور دکھی انسانیت کے جذبے سے سرشار ڈاکٹر انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔








## ا۔ ضیاء کالونی نمبرا ڈسپنسری:

علی بھائی ویلفیئر ڈسپنسری میں صبح شام ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز خدمات انجام دے رہے ہیں اس میں با قاعدہ طور پر بچوں کے لئے حفاظتی ٹیکوں ویکنیش کا انتظام ہے۔ زچہ و بچہ کی سہولت موجود ہے، چھوٹے آپریشن کے لیے ڈاکٹر موجود ہیں ختنہ کا انتظام موجود ہے۔ کنسلٹنٹس اپنی مقرر کردہ معمولی فیس پر غریب اور نادار مستحقین کو مفت چیک اپ اور علاج کی سہولت دیتے ہیں۔ ہر غریب اور مستحق مریض کو با قاعدہ رجسٹر کیا جاتا ہے اور مفت علاج کی سہولت دی جاتی ہے۔ وقتاً فوقتاً حکومتی اداروں کے افسران، وزرا اور سماجی کارکنان ڈسپنسریوں کا وزٹ کرتے ہیں اور نادار مریضوں کی دلجوئی اور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

معذوروں، بے کسوں اور بے سہارا لوگوں کی بے لوث خدمت کرتے ہوئے انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن فخر محسوس کرتا ہے۔ عملی کام کا مظاہرہ اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ ادارہ کراچی کے دیہی علاقوں میں غریب عوام تک علاج و معالجہ کی وہ ساری سہولتیں مہیا کرتا ہے جو آج شہر کے مہنگے ہسپتالوں میں دی جاتی ہیں۔



## عابد آباد ضیاء کالونی نمبر 2

میڈیکل کے حوالے سے وہ تمام سہولیات جن کا علی بھائی ویلفیئر ڈسپنسری میں ذکر دیا گیا ہے۔ یہاں بھی اسی طرح مریضوں کو فراہم کی جارہی ہیں OPD چلتی ہے اور ڈاکٹر سالانہ کم از کم 36 ہزار تا 40 ہزار تک مریض دیکھتے ہیں اور ان کو علاج معالجے کی سہولت مہیا کرتے ہیں۔ یہ بے لوث خدمت کرنے کے جذبے سے سرشار ڈاکٹرز عرصہ بیس سال سے ہمارے ساتھ منسلک ہیں اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ ویکسینیشن اور ای سی جی کی سہولت موجود ہے۔



## اوقاتِ کار برائے کنسلٹنٹ

ا۔ ڈاکٹر آفتاب احمد (آنکھ) بروز بدھ 5 سے 7 بجے تک۔

۲۔ ڈاکٹر جاوید احمد راجپوت (اسکن کنسلٹنٹ) اتوار 4 سے 5 بجے تک۔

۳۔ ڈاکٹر محمد اسلیم میمن، بروز جمعرات شام 5 بجےس 7 بجے

۴۔ ڈاکٹر ارشاد احمد شیخ (ناک کان اور گلہ) بروز جمعہ 5 بجے صبح تک۔

۵۔ ڈاکٹر حسن خورشید چیسٹ کنسلٹنٹ ہفتہ 7 سے 8 بجے تک

بروز پیر 5 بجے سے 7 بجے تک منشیات کے عادی افراد کا علاج کیا جاتا ہے۔

بروز منگل۔ ڈاکٹر ارشاد کاظمی (ماہر نفسیات) 5 بجے سے 7 بجے تک علاج کرتے ہیں۔



## ڈسپنسری نمبر 3، پہاڑ گنج، مین ڈسلوا ٹاؤن، نارتھ ناظم آباد

انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر نگرانی یہ ڈسپنسری طبی سہولتوں سے آراستہ ہے ڈاکٹر سلطان ملک کی روز محنت اور لگن سے صبح سے لیکر رات تک روزانہ 120-100 مریضوں کو مفت علاج معالجے کی سہولت حاصل ہے۔ ڈسپنسری میں باقاعدہ (vaccination) اور (ختنہ) کا انتظام ہے۔ (عورتوں) زچہ و بچہ کے علاج کا معقول انتظام ہے۔ ڈیلوری اور اس کے مناسب علاج کے لیے خاطر خواہ بندوبست موجود ہے۔ فالج، لقوہ، عرق النساء کا علاج خاص طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ بچوں کے علاج و معالجے کے لیے خصوصی انتظام موجود ہے۔ OPD میں مستحق ناداروں اور بیواؤں کو معقول علاج مہیا کیا جاتا ہے۔ یہاں باقاعدہ مزید conslants بھی عوام کو طبی خدمت فراہم کر رہے ہیں۔ سرجری کے لیے ڈاکٹر رضوان کا انتخاب کیا گیا ہے جو مایہ ناز سرجن ہیں۔ ان کے علاج سے ہزاروں مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔



# ڈسپنسری نمبر 4 قصبہ کالونی

قصبہ کالونی ( مسلم آباد ) مضافاتی بستی ہے جو جاوداں سیمنٹ فیکٹری تک پھیلی ہوئی ہے جہاں پسماندہ اور غریب لوگ رہتے ہیں۔ یہاں ویلفیئر ایسوسی ایشن کا ایک اور خوش آئند قدم جہاں مختلف طبقے کے لوگوں کی بلاامتیاز طبی خدمت ہو رہی ہے۔

دس روپے کی پرچی پر ہر قسم کے مریضوں کو طبی سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں نسوانی امراض کے لیے لیڈی ڈاکٹر ہمہ وقت تیار ہوتی ہے۔ روزانہ کی محنت مزدوری کرنے والے یہاں کے مکین شہر کے مہنگے ہسپتالوں کا رخ نہیں کر سکتے۔ O.P.D میں روزانہ 150-100 مریض شفایاب ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر فلک ناز اور ان کی بیگم یقیناً اس علاقے کے لوگوں کو طبی سہولیات پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹرز مختلف اوقات میں مریضوں کی خدمت کر رہے ہیں اور Vaccination & Immunization کا مستقل بندوبست موجود ہے۔ اس کے لیے ہفتے میں ایک دن مقرر ہے۔



## ڈسپنسری نمبر 5 فرنٹیئر کالونی نمبر 2

فرنٹیئر کالونی بھی ایک پسماندہ دیہی علاقہ ہے جس میں غریبوں اور ناداروں کی تعداد زیادہ ہے۔ یہ ڈسپنسری ایسے ہی لوگوں کو علاج فراہم کرتی ہے جو بے کس ہیں اور دو وقت کی روٹی مشکل سے کماتے ہیں۔ زچہ و بچہ کے لیے معقول بندوبست ہے جس کے لیے لیڈی ڈاکٹر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ بچوں کے لیے حفاظتی ٹیکوں کا باقاعدہ انتظام ہے جو ہر ہفتے کی جاتی ہے۔ ماہر ایکوپنکچرسٹ ڈاکٹر کی موجودگی ہے لقوہ اور فالج کے مریض فیضیاب ہوتے ہیں۔عورتوں کے لیے لیبر روم موجود ہے۔ جہاں باآسانی Delivery کروائی جاتی ہیں۔ روزانہ کی OPD میں تقریباً 100 سے 120 مریضوں کو علاج فراہم کیا جاتا ہے۔ الٹرا ساؤنڈ اور ایکسرے کی سہولت موجود ہے۔



# ڈسپنسری نمبر 6 بلدیہ ٹاؤن

اس ڈسپنسری کے ڈاکٹر محمد شام نادار اور مستحق مریضوں کو علاج کی سہولت فراہم کر رہے ہیں۔

O.P.D میں روزانہ 60-50 مریض دیکھے جاتے ہیں۔ Disabbles، ذہنی معذوروں کا علاج معالجہ بالکل مفت کیا جاتا ہے۔ یہ ہر لحاظ سے غریبوں کی خدمت کیلئے بہترین علاج گاہ ہے۔

بچوں کے علاج کے لیے خصوصی انتظام ہے، خواتین کے لیے سہولت موجود ہے۔ باقاعدہ حفاظتی ٹیکوں کا انتظام ہے جو ہفتے میں ایک بار کیا جاتا ہے۔ پولیو، DPT اور مختلف ملحق بیماریوں کے مکمل کورس کرائے جاتے ہیں۔ عنقریب یہ ڈسپنسری بڑے ہسپتال میں تبدیل ہو جائے گی جہاں ہر رنگ و نسل کی بلا امتیاز خدمت کی جائے گی جو کہ عرصہ 26 سال سے جاری و ساری بھی ہے۔



## ڈسپنسری نمبر 7 کیماڑی ٹاؤن

یہ ڈسپنسری کیماڑی کے نادار اور غریب مریضوں کو مفت علاج معالجہ کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ یہاں ہر مہینے 5 سو تا 2 ہزار مریضوں کو ہر ممکن علاج کی سہولت حاصل ہے۔ vaccination & immunization کے لیے ہر ہفتے مقررہ وقت پر بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جاتے ہیں۔ زچہ و بچہ کی دیکھ بھال کے لیے لیڈی ڈاکٹر کی سہولت موجود ہے جو خواتین کو مفت خدمات فراہم کرتی ہیں۔ مریضوں کو با قاعدہ رجسٹرڈ کیا جاتا ہے مختلف، ڈاکٹر صاحبان اپنی اوقات میں مریضوں کو خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ miner surgery اور ختنہ کے لیے انتظامات کیے گئے ہیں۔ معذور گونگے اور بہرے مریضوں کو ڈاکٹر علاج فراہم کر رہے ہیں۔

## سرجانی ٹاؤن ڈسپنسری Orphan Rehabilitation کیمپس نمبر 8

مارچ 2010ء کو سرجانی ٹاؤن میں اس کیمپس کا افتتاح کیا گیا، جس میں کوالیفائیڈ ڈاکٹر کی نگرانی میں مستحقین اور معذوروں کا علاج مفت کیا جاتا ہے۔ میڈیکل کا عملہ مستعدی سے اپنی ڈیوٹی سر انجام دے رہا ہے۔ اس علاقے میں ہمارا میڈیکل سینٹر بہترین طبی خدمات پیش کر رہا ہے۔ ڈاکٹر روزانہ 50-25 مریضوں کا معائنہ اور علاج کرتے ہیں۔

## Good Life Medical Center۔کیمپس نمبر 9

نارتھ کراچی 5-C-4 میں گڈ لائف کے نام سے افتتاح کیا گیا، جسمیں لاچار اور غریب مریضوں کا علاج بالکل مفت کیا جاتا ہے۔







# فری پولیوڈے

انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن نے پولیو ڈے کا اہتمام کیا جسمیں 860 بچوں کوڈاکٹروں کی نگرانی میں پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ ہر سال ہمارے ہر کیمپس میں فری پولیوڈے کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں حکومتی ذمہ دار شرکت کرتے ہیں۔ پولیو کے خاتمے کے لیے حکومتی سطح پر بھی باقاعدہ مہم چلائی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ملکی سطح پر بچوں میں پولیو کی بیماری میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے۔ یہاں تنظیم باقاعدہ طور پر اس میں حصہ لیتی ہے اور پولیو فری کیمپ کا انعقاد کرتی ہے۔



# فری میڈیکل کیمپ

انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ہر دوسرے ماہ اپنے ہر ایک میڈیکل سینٹر میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کرتی ہے۔ جس میں ماہر ڈاکٹر صاحبان خدمات انجام دیتے ہیں۔ ہر ایک میڈیکل کیمپ میں 700-500 مریضوں کا علاج معالجہ اور چیک اپ مفت کیا جاتا ہے جسمیں حکومتی ذمہ داران بھی شرکت کرتے ہیں۔






# حفاظتی ٹیکے کا دن

انسان دوست ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیرِ انتظام فری حفاظتی ٹیکوں کا دن منایا گیا جسمیں 400 بچوں کو مختلف حفاظتی ٹیکے لگائے گئے۔ ماہر ڈاکٹروں کی زیرِ نگرانی یہ فری کیمپ ہر ماہ لگایا جاتا ہے۔ دوران حمل ماؤں کے لیے جان بچانے والے ٹیکوں کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔





## فری آئی کیمپ

تنظیم نے علی بھائی ویلفیئر ڈسپنسری میں فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا۔ جس میں ماہر ڈاکٹر آفتاب احمد نے 150 مریضوں کا مفت معائنہ اور علاج معالجہ کیا مفت چشمے لگائے گئے۔ یہ آئی کیمپ سال میں دو مرتبہ لگایا جاتا ہے۔ ہر آئی کیمپ میں کسی نہ کسی حکومتی ذمہ دار کو باقاعدہ دعوت دی جاتی ہے۔ ان کی شرکت کرنے سے ہمارا حوصلہ مزید بڑھتا ہے۔



# مستقبل کی سرگرمیاں

۱۔ بڑے ہسپتال کا قیام۔

۲۔ blind school کا قیام گوکہ شہر میں بے شمار بڑے پرائیویٹ ہسپتال موجود ہیں مگر یہ مستحقین کی پہنچ سے بالاتر ہیں۔ دیہی علاقوں میں ایسے ویلفیئر ہسپتال کی اشد ضرورت ہے۔ میٹروول سائٹ میں ہسپتال کا تعمیراتی کام جاری ہے۔ تعلیم کے حوالے سے blind school مستقبل قریب میں کام شروع کرے گا جس میں کوالیفائیڈ ٹیچروں کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔

۲۔ خواتین کے لیے انڈسٹریل ہوم کا قیام جسمیں خواتین کے لیے سلائی کڑھائی کی مفت ٹرینگ دی جائے گی۔

